**Fazil / Tausif**

**23-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں — اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، اسرائیل کے ساتھ اپنی مسلسل دوستی کی قدر کرتا ہے، جو اعتماد، اختراع اور امن و ترقی کے تئیں مشترکہ عزم پر مبنی ہے۔

2- آج نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں راجا جی اتسو منایا جارہا ہے۔

3- مہاراشٹر سرکار نے، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے درخواست کی ہے کہ وہ اُس طیارہ حادثے کی تحقیقات کیلئے CBI کو حکم دیں، جس میں نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار ہلاک ہوگئے تھے۔

4- بھارت نے، افغان علاقے پر پاکستان کے فضائی حملوں کی مذمت کی ہے، جن میں خواتین اور بچوں سمیت کئی شہری ہلاک ہوئے ہیں۔

5- ایران اور امریکہ، اِس مہینے کی 26 تاریخ کو جنیوا میں، نیوکلیئر سے متعلق اپنی بات چیت دوبارہ شروع کرنے پر رضامند ہوگئے ہیں۔

6- اور ICC مردوں کے ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں، احمدآباد میں سُپر-Eight میچ میں جنوبی افریقہ نے بھارت کو 76 رن سے شکست دے دی۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM Modi - Netanyahu**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، اسرائیل کے ساتھ اپنی مسلسل دوستی کی، گہرائی سے قدر کرتا ہے، جو اعتماد، اختراع اور امن و ترقی کے تئیں مشترکہ عزم پر قائم ہے۔
اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو کی ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے جواب میں جناب مودی نے کہا کہ وہ بھارت اور اسرائیل کے درمیان، مضبوط رشتے اور دونوں ملکوں کے درمیان دو طرفہ تعلقات کی متنوع نوعیت کے بارے میں اُن سے

اتفاق کرتے ہیں۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ وہ اسرائیل کے اپنے آئندہ دورے میں دونوں ملکوں کے درمیان، تبادلۂ خیال کے منتظر ہیں۔

اسرائیل کے وزیر اعظم نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا تھا کہ اسرائیل اور بھارت کے درمیان رشتہ، دونوں عالمی رہنماؤں کے درمیان ایک طاقتور اتحاد ہے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان مصنوعی ذہانت **AI** سے علاقائی تعاون تک شراکت داری، لگاتار نئی اونچائیوں تک پہنچ رہی ہے۔×

**Rev.Rajaji Utsav**

آج نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں راجہ جی اُتسو منایا جائے گا۔ ''من کی بات'' پروگرام میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ راشٹرپتی بھون میں برطانوی آرکیٹیکٹ **Edwin Lutyens** کے مجسمے کی جگہ آزاد بھارت کے پہلے بھارتی گورنر جنرل سی راج گوپالا چاری کا مجسمہ نصب کیا جائے گا۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Rishu**

*وزیر اعظم نریندر مودی نے کل ''من کی بات'' پروگرام کے **131** ویں نشریے کے دوران راشٹرپتی بھون کے احاطے میں سی راج گوپالا چاری کے مجسمے کی نقاب کشائی کا اعلان کیا۔*

*اپنی تقریر میں جناب مودی نے سی راج گوپالا چاری کی یہ کہتے ہوئے تعریف کی کہ وہ اُن لیڈروں میں سے ایک ہیں، جنہوں نے طاقت کو عہدے کے طور پر نہیں بلکہ خدمت کے طور پر دیکھا۔*

*جناب مودی نے مزید کہا کہ راج گوپالا چاری کا طرزِ عمل، ذاتی تحمل اور عوامی زندگی میں آزاد خیال آج بھی ہمیں تحریک دیتی ہے۔*

***S/B - Narendra Modi (You Tube Link)***

*راجہ جی اُتسو کے دوران **24** فروری سے ایک مارچ کے درمیان سی راج گوپالا چاری پر نمائش کا انعقاد کیا جائے گا۔*

*نئی دلّی سے رِشو جیسوال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............*

**Health - Organ Donation**

صحت اور خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ بھارت نے جسمانی اعضا، عطیہ اور منتقل کرنے کے میدان میں ایک اہم سنگ میل طے کیا ہے۔ جسمانی اعضا اور ریشے کی منتقلی کی قومی تنظیم **NOTTO** نے، جسمانی اعضا کے عطیے، اِنہیں کسی کیلئے مختص کیے جانے اور کسی کو منتقل کیے جانے کے میدان میں، ملک بھر میں بے مثال پیش رفت کی ہے۔

ملک میں **2013** میں اعضا کی **5** ہزار منتقلیاں کی گئی تھیں، جبکہ **2025** میں یہ بڑھ کر تقریباً **20** ہزار ہوگئیں۔

وزارت نے یہ بھی بتایا کہ اعضا کی تقریباً **18** فیصد منتقلیاں، مردہ عطیہ کاروں کے جسمانی اعضا کا استعمال کرتے

ہوئے کی گئی ہیں۔
وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی کل اپنے، من کی بات پروگرام میں جسمانی اعضا کے عطیے کی اہمیت کا خاص طور پر ذکر کیا تھا۔

**SB - PM Modi**

**Jayant Chaudhary Campaingn**

ہُنرمندی کے فروغ اور چھوٹے کاروبار کے وزیر مملکت جینت چودھری نے اِسکل انڈیا ڈیجیٹل ہب، SIDH کے ذریعے بھارت کی ڈیجیٹل ہُنرمندی کی تحریک میں تیزی لانے کے مقصد سے ''بڑھنا ہے تو یہاں جُڑنا ہے'' نام سے ملک گیر مہم کا آغاز کیا ہے۔ یہ AI سے لیس پہلا موبائل پلیٹ فارم ہے، جس کا مقصد سیکھنے کے عمل، ملازمت اور آنترپرینیورشپ کو یکجا کرتے ہوئے آسان رسائی، ذاتی رہنمائی اور 20 بھارتی زبانوں میں موقعوں کو یقینی بنانا ہے۔ آغاز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب چودھری نے کہا کہ India Stack کے بعد اب اِسکل انڈیا ڈیجیٹل ہب جیسی یکسر تبدیلی لانے والی پہل کے ذریعے بھارت کی ڈیجیٹل طاقت کو عالمی سطح پر تسلیم کیا گیا ہے۔×

**Rev. Fadnavis Plane Crash**

مہاراشٹر حکومت نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اُس طیارہ حادثے کی CBI جانچ کا حکم جاری کرنے کا مطالبہ کیا ہے، جس میں پچھلے مہینے ریاست کے نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کی موت ہو گئی تھی۔ ممبئی میں کل ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ فڑنویس نے کہا کہ مہایُتی حکومت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ طیارہ حادثہ سے متعلق سبھی شکوک و شبہات دور ہوں۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Bhavana**

*وزیر اعلیٰ فڑنویس نے کہا کہ اُنہیں BJP کی حلیف جماعت NCP کی جانب سے خط موصول ہوا ہے، جس میں اس حادثے کی CBI جانچ کی درخواست کی گئی ہے اور اس بارے میں انہوں نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے بات کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ DGCA اور ریاستی CID کی جاری تحقیقات کے علاوہ CBI کی جانب سے بھی حادثے کی جانچ کی جائے گی۔*
*ممبئی سے بھاونا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں............*

**Margret Alva congress Protest**

کانگریس کی سینئر لیڈر اور سابق مرکزی وزیر مارگریٹ الوا نے نئی دلّی کے India AI Impact Summit کے دوران پارٹی کارکنوں کی جانب سے کیے گئے مظاہرے پر تنقید کی ہے۔ مظاہرے کے بارے میں میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے محترمہ الوا نے کہا کہ اس طرح کے موقعوں پر ذمہ دارانہ رویے کی ضرورت ہوتی ہے۔ India AI Impact

Summit کے دوران مبینہ طور پر بھارتی یوتھ کانگریس کے اراکین سمٹ میں داخل ہوئے اور انہوں نے نعرے بازی کی۔ محترمہ الوا نے مزید کہا کہ بین الاقوامی تقریبات کے دوران نظم و ضبط اور وقار برقرار رکھا جانا چاہیے اور ذمہ داری کا احساس ہونا چاہیے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی India AI Impact Summit کے دوران بغیر شرٹ کے احتجاج کرنے پر کانگریس کے یوتھ وِنگ کی سخت مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ اس احتجاج سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ملک کی یہ سب سے قدیم پارٹی نظریاتی طور پر دیوالیہ ہو گئی ہے۔

**S/B - PM Modi on Congress**

**<u>Chhattisgarh Budget Session</u>**

چھتیس گڑھ قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس آج سے شروع ہوگا۔ 20 مارچ تک جاری رہنے والے اس اجلاس میں کُل 15 نشستیں ہوں گی۔ اس بجٹ کا آغاز گورنر Ramen Deka کے خطاب سے ہوگا۔ وزیر خزانہ او-پی چودھری کل مالی سال 2026-27 کا بجٹ پیش کریں گے۔ اسمبلی اسپیکر ڈاکٹر رمن سنگھ نے کہا ہے کہ گورنر اور وزیر خزانہ کی بجٹ خطاب کو دوردرشن اور آکاشوانی رائے پور سے براہِ راست نشر کیا جائے گا۔×

**<u>BREAK</u>**

<u>یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔</u>

**<u>GONG</u>**

**<u>MEA Afghanistan</u>**

بھارت نے، افغان علاقوں پر پاکستان کی جانب سے کیے گئے فضائی حملوں کی سخت مذمت کی ہے۔ رمضان کے مقدس مہینے میں کیے گئے اِن حملوں میں خواتین اور بچوں سمیت کئی شہری ہلاک ہوئے ہیں۔ اس بارے میں میڈیا کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ یہ پاکستان کی اپنی داخلی ناکامیوں کو خارجی معاملات سے منسوب کرنے کی ایک اور کوشش ہے۔ جناب جیسوال نے افغانستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور آزادی کے تئیں بھارت کی حمایت کا اعادہ کیا۔×

**<u>Bafta Film Award</u>**

اناسی ویں برطانوی اکیڈمی فلم ایوارڈس میں، جنہیں BAFTA کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، "One Battle after another" فلم کو غلبہ حاصل رہا۔ اِس فلم نے بہترین فلم سمیت 6 ایوارڈ حاصل کیے۔ اِس فلم کیلئے Paul Thomas Anderson کو بہترین ڈائریکٹر کا ایوارڈ دیا گیا ہے۔ انہوں نے بہترین Adapted Screenplay اور بہترین Cinematography کا ایوارڈ بھی حاصل کیا۔ انہوں نے اِس اعزاز کو آنجہانی پروڈیوسر اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر Brit

Adam Somner کے نام وقف کیا۔

Jessey Buckley کو ''Hamnet'' فلم کیلئے بہترین اداکار قرار دیا گیا، جبکہ Robert Aramayo کو برطانوی-بھارتی فلم ''I Swear'' پر بہترین اداکار کا خطاب دیا گیا۔

BAFTA میں، بھارتی فلم Boong نے بچوں اور خاندان کی بہترین فلم کا ایوارڈ جیتا ہے۔ Boong ایک منی پوری فلم ہے، جس میں Gugun Kipgen اور Bala Hijam نے اداکاری کے جوہر دکھائے ہیں۔ اِس فلم کا مقابلہ 'Lilo & Stitch'، 'Arco' اور 'Zootropolis 2' فلموں سے تھا۔×

**Rev.US - Iran Nuke Talks**

امریکہ اور ایران کے درمیان ایران کے نیوکلیائی پروگرام پر بڑھتی ہوئی کشیدگی کے دوران دونوں ملک، 26 فروری کو اپنے نیوکلیائی مذاکرات دوبارہ شروع کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Vinod KR**

*امکان ہے کہ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی، مذاکرات کی میز پر امریکہ کے خصوصی نمائندے Steve Witkoff کے روبرو ہوں گے۔ انہوں نے کہا ہے کہ سفارتی حل تک پہنچنے کا یہ ''اچھا موقع'' ہے۔*

*تاہم ایران نے اپنے میزائل ذخیرے یا اُس کی علاقائی درپردہ تنظیموں پر کسی بھی مذاکرات کی سختی سے تردید کرتے ہوئے واضح کیا کہ وہ صرف اپنے نیوکلیائی پروگرام پر بات چیت کرے گا۔*

*دونوں فریق اس سے پہلے دو مرتبہ مل چکے ہیں۔ پہلی ملاقات Oman میں ہوئی، جبکہ دوسری ملاقات 17 فروری کو جنیوا میں ہوئی۔ اس دوران فریقین نے ممکنہ سمجھوتے کے وسیع تر رہنماء نظریات سے اتفاق کیا۔*

*تنازعے کا مرکزی موضوع یورینیئم کی افزودگی ہے اور امریکہ اس بات پر زور دیتا رہا ہے کہ ایران نیوکلیائی ہتھیار بنانے کی صلاحیت حاصل نہ کر پائے، جبکہ ایران کا کہنا ہے کہ یورینیئم افزودگی اُس کا خودمختاری حق ہے۔*

*مشرقِ وسطیٰ میں کئی برسوں سے امریکہ کی سب سے بڑی فوجی موجودگی برقرار ہے اور صدر ٹرمپ نے انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ اگر سفارتکاری ناکافی ہوتی ہے، تو انہیں فوجی کارروائی کے متبادل بھی حاصل رہیں گے۔*

*ایران میں تازہ بے چینی کے پس منظر میں نیوکلیائی مذاکرات ہونے جا رہے ہیں۔ پچھلے ہفتے کے آخری دنوں میں تہران میں یونیورسٹی طلبا نے Campuses میں احتجاج کیے۔*

*جنوری کے مہینے میں سخت ترین کارروائیوں کے بعد یہ اپنی طرز کے پہلے بڑے مظاہرے تھے۔*

*دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............*

**Trump Residence Shooting**

امریکہ کے خفیہ محکمے نے ایک مسلح شخص کو گولی مار کر ہلاک کردیا، جس نے فلورڈا میں پام بیچ کے مقام پر، صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی Mar-a-Lago رہائش گاہ کے احاطے میں داخل ہونے کی کوشش کی تھی۔ البتہ صدر ٹرمپ اور خاتونِ اول Melania ٹرمپ، اُس وقت واشنگٹن میں وہائٹ ہاؤس میں تھے۔

اِس شخص کی شناخت 21 سالہ Austin Tucker Martin کے طور پر ہوئی ہے، جو نارتھ کیرولینا کے شہر Cameron سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ شخص شمالی دروازے سے اُس وقت داخل ہوا، جب ایک اور گاڑی اُس دروازے سے باہر آرہی تھی۔ اِس شخص کے پاس ایک بندوق اور گیس کا ایک Can تھا۔ خفیہ سروِس کے دو ایجنٹس اور پام بیچ کاؤنٹی کے شیرف کے نائب نے اِس شخص کو گولی مار کر ہلاک کرنے سے پہلے روکنے کی کوشش کی تھی۔×

**T20 WC Cricket**

مردوں کے ICC ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ میں جنوبی افریقہ نے بھارت کو سُپر-Eight مقابلے میں 76 رن سے ہرا دیا۔ یہ میچ کل رات احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے جنوبی افریقہ کی ٹیم نے مقررہ 20 اوورز میں سات وکٹ کے نقصان پر 187 رن بنائے۔ ڈیوڈ ملر نے 35 گیندوں میں 63 رن اور ٹرسٹن اسٹب نے 24 گیندوں میں شاندار 44 رن اسکور کیے۔

جواب میں میزبان بھارتی ٹیم 18 اوورز اور 5 گیندوں میں 111 رن ہی بناسکی۔ بھارت کی طرف سے شِوم دوبے نے سب سے زیادہ 43 رن کا اسکور کیا۔ ڈیوڈ ملر کو اُن کی بہترین کارکردگی کی وجہ سے میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج سُپر-Eight کے گروپ-ایک کے مقابلے میں زمبابوے کا مقابلہ ویسٹ انڈیز سے ہوگا۔ یہ میچ شام 7 بجے ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔×

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات کے محکمے IMD نے اگلے دو دن کے دوران اُڈیشہ اور انڈمان ونکوبر جزائر میں گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔

محکمے نے آج چھتیس گڑھ، تلنگانہ، وِدربھ، آسام اور میگھالیہ میں بھی گرج چمک کے ساتھ طوفان کی پیش گوئی کی ہے۔ مشرقی مدھیہ پردیش اور گنگائی مغربی بنگال میں آج دن بھر اِسی طرح کے کی صورتحال کا امکان ہے۔ جبکہ شمال مغربی بھارت میں اگلے 6 دن کے دوران زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں تین سے چار ڈگری سیلسیس کے اضافے کا امکان ہے۔×

**MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK New**

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام،

پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''مصنوعی ذہانت AI کے دور میں ڈیپ فیک سے بچے رہنا'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، سائبر قانون کے ماہر ڈاکٹر پون دُگل اور سائبر سکیورٹی کے ماہر ڈاکٹر اَنُپ گِردھر کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔
صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر
اور
صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،
اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات
نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار
پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: اسعداللہ
شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے ''من کی بات'' پروگرام میں وزیر اعظم نریندر مودی کے اس بیان کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے کہ کسان اَنّ داتا ہی نہیں، بلکہ زمین کے حقیقی محافظ بھی ہیں، جبکہ مصنوعی ذہانت AI کے تعلق سے وزیر اعظم نے کہا کہ 'دنیا اِس میدان میں بھارت کی صلاحیتوں سے فائدہ اٹھائے گی'۔

روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے : انتخابی کمیشن 27 سال بعد، ریاست کے انتخابی اداروں کے ساتھ گول میز کانفرنس کرے گا، تاکہ متعلقہ قانونی فریم ورک کو بہتر سے بہترین کیا جاسکے۔

'پاکستان سے وابستہ دہشت گرد تنظیم لشکرِ طیبہ کے کئی افراد کو دلّی پولیس نے کیا گرفتار، مزید تفتیش جاری'۔ اِس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔

'AI سمٹ میں بغیر شرٹ کے احتجاج کرنا امن عامہ پر حملہ: پٹیالہ ہاؤس کورٹ کے اِس تبصرے کو روزنامہ انقلاب نے اہمیت کے ساتھ پیش کیا ہے۔

کھیل کے صفحے کی خبریں کُچھ اِس طرح ہیں :

☆ سعودی پرو لیگ : رونالڈو کے دو گول سے النصر سرفہرست۔

☆ ICC بورڈ میٹنگ کی میزبانی دوحہ کو ملی۔

☆ کارلوس الکاراز نے قطر اوپن میں چیمپئن کا خطاب اپنے نام کیا۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، اسرائیل کے ساتھ اپنی مسلسل دوستی کی قدر کرتا ہے، جو اعتماد، اختراع اور امن و ترقی کے تئیں مشترکہ عزم پر مبنی ہے۔

2- آج نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں راجا جی اتسو منایا جارہا ہے۔

3- مہاراشٹر سرکار نے، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ سے درخواست کی ہے کہ وہ اُس طیارہ حادثے کی تحقیقات کیلئے CBI کو حکم دیں، جس میں نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار ہلاک ہوگئے تھے۔

4- بھارت نے، افغان علاقے پر پاکستان کے فضائی حملوں کی مذمت کی ہے، جن میں خواتین اور بچوں سمیت کئی شہری ہلاک ہوئے ہیں۔

5- ایران اور امریکہ، اِس مہینے کی 26 تاریخ کو جنیوا میں، نیوکلیئر سے متعلق اپنی بات چیت دوبارہ شروع کرنے پر رضامند ہوگئے ہیں۔

6- اور ICC مردوں کے ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں، احمدآباد میں سُپر-Eight میچ میں جنوبی افریقہ نے بھارت کو 76 رن سے شکست دے دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---